# 4658 ـ قبریں مدفون ہونے والوں کے لیے وقف ہیں

**سوال**

میں ایك مسلمان ملك میں رہائش پذیر ہوں اورمیرے پاس کچھ زرعی زمین ہے، میں نے جب اسے کھودا تو اس کی مشرقی جانب کچھ پرانی قبریں نکلیں، ان میں بوسیدہ ہڈیوں کے علاوہ کچھ نہ ملا، مجھے اس زمین کی اشد ضرورت ہے، لھذا کیا حکم ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

آپ کی کلام سے واضح ہوتا ہے کہ جس زمین کےمتعلق آپ نے دریافت کیا ہے وہ قبرستان ہے، اور آپ کا کھیت اس کی مغربی جانت واقع ہے، اور یہ قبرستان آپ کے کھیت میں شامل نہیں، جبکہ زمین کے کھودنے سے آپ نےوہاں بوسیدہ قبریں پائی ہیں، اور آپ کے اعتراف کے مطابق ان میں بوسیدہ ہڈیاں بھی ملیں ہیں، تو وہ زمین آپ کی ملکیت نہیں، اور نہ ہی آپ کے کھیت میں شامل ہے.

بلکہ یہ ان قبروں میں دفن ہونے والوں کے لیے ہی وقف ہیں، جو نہ تو آپ کے لیے اور نہ ہی آپ کے علاوہ کسی دوسرے کے لیے ملکیت بنانی جائز ہے، اور نہ ہی اس سے رہائش یا زراعت یا عمارت یا خیمہ وغیرہ نصب کرکے کوئی فائدہ حاصل کر سکتے ہیں.

اللہ تعالی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل اور صحابہ کرام پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے .